سوال

(482) کیا صدقۃ الفطر میں قیمت ادا کرنا جائز ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عشر کن کو دینا افضل ہے، زکوٰۃ بھی صدقہ بھی عام غریبوں کو یا مجاہدین کو؟ (محمد شکیل، فورٹ عباس)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مولانا صاحب سے ہی دریافت فرمالیں کہ مسکین کو صدقۃ الفطر جنس کی صورت میں ملا تو وہ جنس صدقہ کو فروخت کر سکتا ہے یا نہیں؟ اگر جواب نفی میں دیں تو دلیل طلب فرمالیں اور اگر جواب اثبات میں دیں تو پھر صدقہ دینے والا اس کا وکیل بن کر اسے قیمت کیوں نہیں دے سکتا؟ جبکہ مسکین نے فطرانہ فروخت کر کے قیمت ہی وصول کرنی ہے وہ بھی عام طور پر صدقہ دینے والے کی ادا کردہ قیمت کی بنسبت کم بلکہ کمتر بلکہ کمترین۔ واللہ اعلم۔ ۱۷ ۱۰ ۱۴۲۱ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد 02 ص 416

محدث فتویٰ